Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 6 Short Questions Preparation

Q1. کمپنی کے سرمایہ کاری کی اقسآم بیان کریں.

Ans 1: 1- منظور شدہ سرمایہ کاری -2 وصول شدہ سرمایہ کاری

Ans 2: 3- جاری شدہ سرمایہ کاری -4 طلب شدہ سرمایہ کاری

Ans 3: 5- غیر طلب شدہ سرمایہ کاری -6 غیر ادا شدہ سرمایہ کاری

Ans 4: 7- پیشگی ادا شدہ سرمایہ -8 غیر جاری شدہ سرمایہ

Ans 5: 9- محفوظ سرمایہ

Q2. کمپنی کے منظور شدہ سرمایہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسی سرمایہ کاری جو کمپنی رجسٹریشن کے وقت رجسٹرڈ کرواتی ہے اور حصص جاری کرکے اکٹھا کر سکتی ہے.

Q3. کون لوگ کمپنی کیے ڈائریکٹر نہیں بن سکتے؟

Ans 1: 1.پاگل 2.نابالغ 3.وہ شخص جو کمپنی کا ممبر نہ ہو 4.وہ شخص جو عدالت سے سزا یافتہ ہو 5.وہ شخص جو ڈائریکڑ بننے سے انکار کر دے.

Q4. اجتماعی ترجیجی حصص سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اجتماعی حصص سے مراد ایسے حصص ہیں جن کا منافع اگر کمپنی کسی سال ادا نہ کرے تو یہ ائندہ سالوں میں ادا کردیا جاتا ہے- یعنی غیر ادا شدہ منافع ضائع نہیں ہوتا بلکہ اس وقت تک جمع رہتا ہے جب تک کہ پور ادا نہ ہو جائے.

Q5. حصہ دار اور تمسک میں فرق بتائیں.

Ans 1: وہ اشخاص جنہیں کمپنی کے حصص خرید کر سرمایہ فراہم کرتے ہیں کمپنی کے حصہ دار کہلاتے ہیں اور وہ اشخاص جنہیں کمپنی قرض کی ضمانت کےطور پر تمسکات جاری کرتی ہے تمسک وار کہلاتے ہیں.

Q6. کمپنی کے محفوظ سرمایہ کاری کی تعریف کریں.

Ans 1: غیر طلب شدہ سرمایہ کاری وہ حصہ جو کمپنی اپنی ناگہانی ضروریات کے لیے محفوظ کر لیتی ہے محفوظ سرمایہ کہلاتی ہے.

Q7. سنگل ممبر کمپنی کی تعریف کریں.

Ans 1: اس کمپنی میں صرف ایک حصہ دار یا رکن ہوتا ہے.

Ans 2: یہ کمپنی اپنے نام کے بعد الفاظ ایس -ایم-سی- پرائیوٹ استعمال کرتی ہے.

Ans 3: اس کمپنی کا انتظام فرد واحد یعنی اکیلے مالک کے سپرد ہوتا ہے.

Ans 4: مثال کے طور پر پرل کنٹینلسٹی اسلام اباد وغیرہ

Q8. مقسوم کی تعریف کریں.

Ans 1: کمپنی کا نفع جو حصہ داروں میں تقسیم کیا جاتا ہے،وہ مقسوم کہلاتا ہے.مقسوم کمپنی کے سرمایہ میں سے ادا نہیں کیا جاتا بلکہ منافع سے ادا کیا جاتا ہے.

Q9. کمپنی کے عمومی حص کی تعریف کریں.

Ans 1: عمعومی شخص سے مراد ایسے حصص ہیں جن کا کوئی منافع ترجیحی حصص‌کے منافع کے بعد ادا کیا جاتا ہے ،عمومی حصص کے منافع کی شرح پہلے سے مقرر نہیں ہوتی بلکہ ترجیحی حصص پر منافع کی ادائیگی کہ دینے کے بعد بچتا ہے وہ عمومی حصص کے مالکان کو ادا کر دیا جاتا ہے.

Q10. التوائی حصص کی تعریف کریں.

Ans 1: التوائی حصص ایسے حصص ہیں جو عموماً پروموٹرز کو جاری کیے جاتے ہیں اور ان حصص پر منافع کی ادائیگی اس وقت تک نہیں کی جاتی جب تک ترجیحی حصص اور عام حصص پر منافع ادا نہ ہو جائے.